صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام
سیرتِ رسولِ عربی ﷺ
ازقلم
پروفیسر علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ
نور الایمان پبلیکیشنز
دربار مارکیٹ۔ لاہور 0321-4716086

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صاحبِ رجعتِ شمس و شق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

پروفیسر علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ

نور الایمان پبلیکیشنز
دربار مارکیٹ۔ لاہور 0321-4716086

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب ——— سیرت رسول عربی

از قلم ——— پروفیسر علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ

صفحات ——— 560

ھدیہ ———

ملنے کے پتے

کتب خانہ امام احمد رضا دربار مارکیٹ لاہور، مکتبہ قادریہ، مسلم کتابوی
والضحی پبلیکیشنز، کرمانوالہ بک شاپ، چشتی کتب خانہ، دارالعلم پبلیکیشنز
ہجویری بک شاپ، ضیاء القرآن پبلیکیشنز، نوریہ رضویہ پبلیکیشنز، نشان منزل دارلنور
صراط مستقیم پبلی کیشنز (دربار مارکیٹ لاہور)، مکتبہ اہلسنت مکہ سنٹر لاہور
نظامیہ کتاب گھر زبیدہ سنٹر لاہور، مکتبہ قادریہ، مکتبہ الفرقان
مکتبہ رضائے مصطفےٰ گوجرانوالہ، مکتبہ نظامیہ، جامعہ نظامیہ نبی پورہ شیخوپورہ،
مکتبہ جلالیہ صراط مستقیم، رضا بک شاپ گجرات، مکتبہ رضائے مصطفےٰ
فیضان مدینہ کھاریاں، مکتبہ الفجر سرائے عالمگیر، اہلسنہ پبلی کیشنز دینہ
مکتبہ ضیاء السنہ، فیضان سنت، مہریہ کاظمیہ ملتان، احمد بک کارپوریشن
اسلامک بک کارپوریشن، مکتبہ غوثیہ عطاریہ، مکتبہ امام احمد رضا راولپنڈی
مکتبہ اویسیہ رضویہ، مکتبہ متنوع یہ بہاولپور

Marfat.com

اللہ حبشی غلام آپ ﷺ کے قدم و میمنت لزوم کی خوشی میں ہتھیاروں سے کھیل رہے تھے۔ انسانوں پر کیا موقوف ہے وحوش بھی اپنی حرکات و سکنات سے خوشی کا اظہار کر رہے تھے۔

جب مدینہ میں آنحضرت ﷺ کے قیام کا انتظام ہو چکا تو آپ نے زید بن حارثہ اور اپنے غلام ابورافع کو پانسو درہم اور دو اونٹ دے کر مکہ میں بھیجا کہ آپ کے عیال کو مدینہ میں لے آئیں۔ اسی وقت حضرت ابوبکر نے عبداللہ بن اریقط دئلی (جو کہ مکہ کو واپس جا رہا تھا) کے ہاتھ اپنے صاحب زادے عبداللہ کو رقعہ دے دیا کہ میرے عیال کو مدینہ میں لے آؤ۔ آنحضرت ﷺ کی صاحب زادیوں میں سے حضرت زینب کو ان کے خاوند ابوالعاص نے آنے نہ دیا حضرت رقیہ حبشہ میں تھیں۔ اس لیے زید و ابورافع حضور کی صاحب زادیوں حضرت ام کلثوم و فاطمہ اور زوجہ محترمہ حضرت سودہ کو اور ام ایمن زوجہ زید اور اسامہ بن زید کو لے آئے۔ اور ان کے ساتھ عبداللہ بن ابی بکر حضرت عائشہ اور ان کی والدہ ام رومان اور حضرت اسماء بنت ابی بکر کو لائے۔ یہ سب حارثہ بن نعمان کے ہاں اترے۔ (1)

حضور اقدس ﷺ کا قیام سات ماہ تک حضرت ابوایوب کے ہاں ہی رہا۔ جب مسجد نبوی کے ساتھ حجرے تیار ہو گئے تو نقل مکان فرمایا۔ اس عرصہ میں بنونجار نے مہمانی کا حق کما حقہ، ادا کیا۔ حضرت ابوایوب اور سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ نے خصوصیات سے اس میں حصہ لیا۔ جزاھم اللہ تعالیٰ خیر الجزا۔

تعمیر مسجد نبوی:

آنحضرت ﷺ کا ناقہ جہاں بیٹھا تھا۔ وہ جگہ دو نجاری یتیموں (سہیل و سہل) کی تھی۔ جن کے ولی حضرت اسعد بن زرارہ نجاری خزرجی تھے۔ وہ اس زمین میں کھجوریں خشک کرنے کے لیے پھیلا دیا کرتے تھے۔ اس کے ایک حصہ میں حضرت اسعد نے نماز کے لیے ایک مختصر جگہ بنائی ہوئی تھی۔ جس پر چھت نہ تھی۔ یہاں وہ نماز جمعہ پڑھا کرتے تھے۔ باقی زمین میں کھجور کے درخت اور مشرکوں کی قبریں اور گڑھے تھے۔ حضور علیہ السلام نے یہاں مسجد جامع بنانے کا ارادہ کیا۔ آپ نے ان یتیم بچوں کو بلا بھیجا اور ان سے قیمت پر زمین طلب کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلا قیمت آپ کی نذر کرتے ہیں۔ آپ نے قبول نہ فرمایا اور قیمت دے کر خرید لی تعمیر کا کام شروع ہو گیا۔ قبریں اکھڑوا کر ہڈیاں کسی دوسری جگہ دبا دی گئیں۔ درخت کاٹ دیئے گئے۔ اور گڑھے ہموار کر دیئے گئے۔ حضور سرورِ دو عالم ﷺ خود بھی کام کر رہے تھے۔ آپ اپنی چادر میں اینٹیں اٹھا کر لا رہے تھے اور یوں فرما رہے تھے:

(1) زادالمعاد، وفاء الوفاء

Marfat.com